بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة الا بالله
اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى اله واصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك
وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك استغفر الله الذي لا اله الا هو الحي القيوم واتوب اليه

سیدنا دائم الطاعۃ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار ہمیشہ اپنے رب کی اطاعت کرنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول
فی دعائہ رب اعنی ولا
تعن علیّ وانصرنی ولا تنصر
علیّ وامکرلی ولا تمکر علیّ
واھدنی و یسّر الھدیٰ لی
وانصرنی علیٰ من بغی علیّ
رب اجعلنی لک شکاراً لک
ذکاراً لک رھاباً لک مطیعًا
الیک مخبتًا الیک اواھا
منیبا رب تقبل توبتی
واغسل حوبتی۔

(الحدیث)

سنن ابن ماجۃ ص۱/۷۲۲

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اپنی دعا میں یہ فرمایا کرتے تھے۔ اے میرے رب میری اعانت فرما، میرے خلاف کسی کی مدد نہ کر، مجھے فتح عطا فرما، مجھ پر کسی کو فتح نہ دے، میرے حق میں تدبیر کر، مجھ پر کسی کا داؤ نہ چلے اور مجھے ہدایت فرما اور میرے لیے ہدایت کو آسان فرما اور جو مجھ پر زیادتی کرے اس پر میری امداد فرما اے میرے رب مجھے اپنا بہت شکر کرنے والا بنا دے اور بہت ذکر کرنے والا بنا دے، ڈرنے والا، مطیع فرمانبردار، تیرے ہی آگے جھکنے والا، گڑگڑانے والا، رجوع کرنے والا بنا دے۔ اے میرے رب میری توبہ قبول فرما میرے گناہ دھو دے۔